جامعہ علوم اثریہ میں طلبہ کیلئے تربیتی دورہ نحو، صرف واصول حدیث

جامعہ کے ششماہی امتحانات کے بعد مورخہ 7,6,5 جنوری بروز منگل، بدھ، جمعرات نائب مدیر الجامعہ حافظ عبدالغفور مدنی کی کاوش سے شعبہ کتب کے طلبہ کیلئے تربیتی دورے کا انعقاد کیا گیا جس میں مولانا الطاف الرحمٰن جوہر رئیس جامعہ امام بخاری ملتان خورد (ضلع چکوال) کو مدعو کیا گیا۔ مختلف نشستوں میں مولانا الطاف الرحمٰن جوہر نے تزکیہ نفس، عقائد، نحو وصرف اور اصول حدیث پر علمی لیکچرز دیئے اور طلبہ کو علوم وفنون میں مہارت حاصل کرنے کی ترغیب دلائی۔ آخری روز دن گیارہ بجے جامعہ کے اساتذہ کے ساتھ نشست بھی ہوئی جس میں جامعہ اور طلبہ کی بہتری کیلئے مختلف امور پر تبادلہ خیال ہوا۔

نائب مدیر الجامعہ حافظ عبدالغفور مدنی کا جامع مسجد اہل حدیث رونٹی والی گجرات میں درس قرآن

مورخہ 2 جنوری بروز ہفتہ قاری محمد امین امام وخطیب مسجد ہذا واحباب جماعت کی دعوت پر نائب مدیر الجامعہ حافظ عبدالغفور مدنی نے جامع مسجد اہل حدیث رونٹی والی گجرات میں اصلاح معاشرہ کے موضوع پر درس دیا جس میں احباب جماعت کے علاوہ شہر بھر سے کافی تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔

مرکزی جامع مسجد اہل حدیث چترپڑی (میرپور) میں جلسہ فضائل قرآن وتقسیم اسناد

مورخہ 19 فروری بروز جمعہ مرکزی جامع مسجد اہل حدیث چترپڑی میرپور آزاد کشمیر میں عظیم الشان جلسہ فضائل قرآن وتقسیم اُسناد منعقد ہوا، پروگرام کی صدارت رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نائب امیر مرکزی جمعیت اہل حدیث پاکستان نے کی۔ قاری محمود احمد نے اسٹیج سیکرٹری کے فرائض سرانجام دیئے۔ جلسہ سے قاری عبدالرحیم کلیم اور مولانا قاری محمد سعید کلیروی نے خطاب کیا۔ مولانا حافظ محمد عمران عریف ناظم اعلیٰ مرکزیہ گوجرانوالہ نے طلبہ میں اُسناد اور انعامات تقسیم کیئے۔ رئیس الجامعہ کی دعا سے یہ پروگرام تکمیل پذیر ہوا۔

اس جلسہ میں مفتی عبدالغفار، قاری خلیل الرحمٰن، مولانا محمد اشرف اوکاڑوی، مولانا محمد عبداللہ (پنیام) کے علاوہ میرپور اور گردونواح سے کافی تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔ اس جلسہ کا اہتمام قاری محمد الیاس قاری ابوبکر صدیق اور اہل حدیث یوتھ فورس کے نوجوانوں نے کیا۔